SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
August 18, 2016

# ایس ای سی پی نے میوچل فنڈ گوشوارے اپنی ویب سائٹ پر شائع کر دئے

اسلام آباد، ۱۸ اگست: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے ۳۰ جون ۲۰۱۶ تک کے میوچل فنڈز کے گوشوارے اپنی ویب سائٹ پر شائع کر دئے ہیں۔ ایس ای سی پی نے یہ اقدام سرمایہ کاروں کی حوصلہ افزائی اور انہیں سہولت فراہم کرنے کے لئے کیا تاکہ وہ پوری طرح باخبر رہ کر سرمایہ کاری کے فیصلے کر سکیں۔

اس مختصر رپورٹ میں میوچل فنڈز کی تمام اقسام کی تفصیلات موجود ہیں۔ ایس ای سی پی کا مقصد چھوٹے سرمایہ کاروں کو میوچل فنڈز کی مختلف اقسام سے متعلق منافع اور اخراجات کے حوالے سے ضروری معلومات فراہم کرنا ہے۔ اس رپورٹ میں سرمایہ کاروں سے ناظم کمپنیوں کی جانب سے لی جانے والی اپنی فیس، سیلز لوڈ اور فنڈ کے تمام اخراجات کی شرح (ٹوٹل ایکس پینس ریشو) شامل ہے۔ تقابلی مقاصد کے لئے ۳۰ جون ۲۰۱۶ تک کے عرصے کے سالانہ گوشوارے بھی سرمایہ کاروں کے لئے فراہم کئے گئے ہیں۔ ایس ای سی پی اپنی ویب سائٹ پر باقاعدگی سے میوچل فنڈز گوشوارے اور دیگر معلومات اپ ڈیٹ کرتا رہے گا۔

مذکورہ رپورٹ ایس ای سی پی کی ویب سائٹ کے اس لنک پر کلک کر کے دیکھی جا سکتی ہے۔

http://www.secp.gov.pk/data-and-statistics/nbfcs/

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
051-9100432